© rasailojaraid.com



طنز و مزاح

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

☆ قانون کی حکمرانی چاہتے ہیں۔ (بے نظیر)
کیسا قانون، کس کی حکمرانی؟

☆ "پیر بچہ بخشی" زنا، اغوا اور ڈکیتی کا مفرور ملزم نکلا۔ (ایک خبر)
ہور جاؤ پیراں دے آستانے تے

☆ ہائیکورٹ نے خاتون ٹیچر کو ایم این اے کے ڈیرہ سے برآمد کرا کے والدین کے حوالے کر دیا۔ (ایک خبر)
اور ایم این اے دندنا رہے ہیں۔

☆ ہمارے گھر میں ٹی وی اور فلمیں دیکھنے کی آزادی ہے۔ (والدہ صائمہ روبرٹی)
نتیجہ سامنے ہے۔

☆ خارجہ امور اور مولانا فضل الرحمن کا آپس میں کوئی تعلق نہیں۔ (ایم حمزہ)
کیا فرق پڑتا ہے! مولانا کا زنانہ حکومت سے تو تعلق ہے نا!

☆ ستر سالہ بوڑھے کی سولہ سالہ لڑکی سے شادی، پہلی بیوی سے تیرہ بچے ہیں۔ (ایک خبر)
محکمہ بہبود آبادی والوں کی ایسی تیسی!

☆ امن و امان قائم نہ کر سکا۔ تو کرسی چھوڑ کر چلا جاؤں گا۔ (نکئی)
میں نشے میں ہوں، میں نشے میں ہوں!

☆ اسرائیلی جارحیت کے خلاف شام کے ساتھ ہیں۔ (بے نظیر)
صبح تو آپ کی قسمت میں ہے ہی نہیں!

☆ ہر مولوی کے خلاف ہوں چاہے وہ شیعہ ہو یا سنی۔ (عاصمہ جہانگیر)
خدا تجھے کسی مولوی سے آشنا کر دے

☆ جشن مظفر گڑھ میں آتشبازی سے ایک ہلاک درجنوں زخمی (ایک خبر)
جشن کے نام پر خدا کے عذاب کو دعوت دی گئی۔

☆ اپوزیشن صدر مملکت سے پھر مایوس ہو گئی (کے پی آئی)
ہم نہ کہتے تھے جاناں! اس گلی میں نہ جانا۔

☆ سادہ زندگی بسر کرنے والے کو تھوڑے ٹیکس ادا کرنے پڑیں گے۔ (بے نظیر)
اسی لئے تو بے نظیر "انتہائی سادہ" زندگی بسر کرتی ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ خالد کھرل۔ شیر افگن۔ نصیر اللہ بابر (تین کانے)

بجھمن سسٹرز کا مردانہ ایڈیشن۔

☆ ملتان میں بی اے کی طالبہ کو ویڈیو سنٹر کے مالک نے اغوا کر لیا۔ (ایک خبر)

تہذیبی گھٹن دور ہو گئی۔

☆ ملک میں کسی صنعتی یونٹ کی ضرورت نہیں۔ (مخدوم شہاب)

ہاں جاگیرداروں کی بدمعاشیوں کے لئے مزارع سسٹم قائم رہنا چاہیئے۔

☆ ......"دل چاہتا ہے کہ آج اپنا دل کھول کر آپ کے سامنے رکھ دوں مگر ۱۰۱ بخار ہے۔" (نکمی)

عقل خداداد چیز ہے۔

☆ آپ نے ہمارا ساتھ کیوں چھوڑا۔ ہمیں تو آپ کے مشوروں کی ضرورت تھی (بے نظیر کا ولی خاں سے مکالمہ)

بختو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا!

☆ صائمہ کے گھر والے مولوی ہیں، جو ڈرامہ باز ہوتے ہیں۔ (عاصمہ جہانگیر)

وکالت کے باورچی خانے کا ایندھن

استنجے کی مٹی کی چکنی گھرٹی ہے

☆ اندھیر مچ گیا۔ دن دہاڑے بیٹیاں اٹھائی جا رہی ہیں۔ (ہائیکورٹ)

عورت کے راج میں عورت کی تباہی! سب جھوٹے۔ اللہ رسول سچے۔

☆ اسلام آباد میں پولیس کی سرپرستی میں گلی گلی شراب اور عصمت فروشی کے اڈے کھل گئے۔ (ایک خبر)

حکمرانو! شرم کرو، حیا کرو، ورنہ اسلام آباد بیروت بن جائے گا۔

☆ وزیراعظم پہلے سب کچھ کر دیتی ہیں بعد میں چاکلیٹ لے کر پہنچ جاتی ہیں۔ (نواز شریف)

ان کے اباجان بھی یہی کیا کرتے تھے۔

☆ مسلمان ہوں قادیانی نہیں۔ شوہر لبرل مسلمان ہیں (عاصمہ جہانگیر)

لبرل مسلمان، یعنی..... جہاں چاہا جس وقت چاہا منہ مار لیا جائے۔

☆ مقصود لغاری کے بیرون ملک علاج پر ساڑھے بتیس لاکھ کے سرکاری اخراجات (ایک خبر)

صدر صاحب انتہائی شریف اور ایمان دار آدمی ہیں۔

☆ نوابزادہ نصر اللہ کے بیٹے کی فلور مل پر خصوصی نوازش! (ایک خبر)

شرافت بیچ دی میں نے۔

☆ مجھے اسلام پر نہیں۔ مُلا کے اسلام پر اعتراض ہے۔ (ولی خان)

مجھے نسیم پر نہیں۔ نسیم ولی خان پر اعتراض ہے۔

☆ پاکستان میں کسی مسلم انتہا پسند کو برداشت نہیں کریں گے۔ (سردار آصف)

تہاڈے بارہ وجے نے سردار جی! ابھی [illegible]

© rasailojaraid.com